E-mail: dailypublic.faisalabad@gmail.com..... 0333-4883972

Daily PUBLIC Faisalabad

MEMBER APNS

ABC Certified

روزنامہ پبلک فیصل آباد

فیصل آباد کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت اشاعت پذیر

ایڈیٹر انچیف وسیم احمد

جلد 24 | جمعرات 5 نومبر 2026ء/24 جمادی الاول 1448ھ/ قیمت 10 روپے | شمارہ 263

پاکستان سے مجموعی طور پر 2,807,250 جبکہ پنجاب سے 143,474 غیر قانونی مقیم افغان باشندے واپس بھجوائے گئے

غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلاء کی مہم

پنجاب کے 39 ہولڈنگ سینٹرز میں 153 افغان شہری موجود جنہیں طورخم بارڈر پر افغان حکام کے حوالے کیا جائے گا

افغان شہریوں کے غیر قانونی قیام، شناخت کی جعلسازی یا مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع ایمرجنسی 15 پر دیں، ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کے انخلا کی مہم میں محکمہ داخلہ پنجاب کے زیر انتظام 39 ہولڈنگ سینٹرز متحرک کیا جا رہا ہے جہاں ضروری دستاویزی عمل مکمل کرنے کے بعد انہیں واپس بھیجا جا رہا ہے۔ اب تک پاکستان سے مجموعی طور پر 2,807,250 جبکہ پنجاب سے 143,474 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو واپس بھیجا جا چکا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ مکھوب پاکستان کی واضح پالیسی کے مطابق قانونی تعمیل وریزا کے بغیر تمام افغان شہریوں کا قیام غیر قانونی ہے۔ اس حوالے سے کارروائیاں جاری ہیں۔ تحقیق پالیسی کے مطابق غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کو گرفتار کر کے ہولڈنگ سینٹرز منتقل کیا جا رہا ہے۔ کے فارن ایجنٹ سکیورٹی ونگ کی مؤثر کاروائی کے دوران گرفتار کیے گئے افغان شہری کو طورخم بارڈر پر افغان حکام کے حوالے کیا جائے گا۔ اس سے قبل 474 غیر قانونی مقیم افغان باشندوں کو واپس بھیجا جا چکا ہے۔ اب تک 250 سے زائد افغان شہری رضاکارانہ طور پر واپس جا چکے ہیں۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق 39 ہولڈنگ سینٹرز میں 153 افغان شہری موجود ہیں جنہیں طورخم بارڈر پر افغان حکام کے حوالے کیا جائے گا۔ افغان شہریوں کے غیر قانونی قیام، شناخت کی جعلسازی یا مشکوک سرگرمیوں کی اطلاع ایمرجنسی 15 پر دیں، ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب

اپچی سن کالج میں بلوچستان کے طلبا کا سکالرشپ کوٹہ بڑھایا ہے اور اس میں ہر سال مزید اضافہ کیا جائے گا تاکہ مزید طلباء یہاں آ کر اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں

ملک کی تعمیر و ترقی میں نوجوان نسل کا کردار بہت اہم ہے، گورنر

پوری قوم دہشت گردی کیخلاف جنگ میں اپنی بہادر افواج، سکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے، سردار سلیم حیدر خان سے بلوچستان سے آئے ہوئے طلبا و طالبات کے وفد کی گورنر ہاؤس لاہور میں ملاقات

پنجاب کی جامعات میں بھی بلوچستان کے طلباء کو سکالرشپس دیئے جا رہے ہیں۔ گورنر پنجاب نے طلبہ کی گزارشات کو پنجاب حکومت کو بھیجنے کی یقین دہانی بھی کرائی

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی ملک کی ترقی ہے، ملک دشمن عناصر بلوچستان میں عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں، ملک کی تعمیر و ترقی میں نوجوان نسل کا کردار بہت اہم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں بلوچستان سے آئے ہوئے طلباء و طالبات کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ ملک دشمن عناصر بلوچستان میں بدامنی اور عدم استحکام پیدا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 15)



کراچی: گورنر سندھ سید کامران ٹessوری سے سندھ کی سرکاری و نجی جامعات کے وائس چانسلرز کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پی آر آر کے 14 سیکٹرز میں ای ایم ایس انسٹالیشن اور نئے کاروباروں کی رجسٹریشن مہم تیز کرنے کا فیصلہ

چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر صدارت لاہور اور راولپنڈی کمشنریٹ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس

چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا کی زیر صدارت لاہور اور راولپنڈی کمشنریٹ کی کارکردگی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں کاروباری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 16)

لاہور (این این آئی) پنجاب ریونیو اتھارٹی نے نئے کاروباری اداروں کی رجسٹریشن اور الیکٹرانک انوائسنگ سسٹم کی تنصیب کی مہم مزید تیز کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں 14 مختلف سیکٹرز میں ای آئی ایم ایس کی تنصیب کا دائرہ کار بڑھانے کے لئے متعلقہ افسران کو اہداف تفویض کر دیئے گئے ہیں۔ اس حوالے سے



کراچی: سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن گفٹ رانسپورٹ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اقوام متحدہ میں پاکستان کی پیش کردہ 3 قراردادیں بھاری اکثریت سے منظور

یہ قراردادیں خطرات میں کمی، اتحاد کے فروغ اور بین الاقوامی دہلقائی امن و استحکام کے لئے عملی اور تعاون پر مبنی راستے فراہم کرتی ہیں۔

تخفیف اسلحہ اور بین الاقوامی سلامتی کے امور سے متعلق جنرل اسمبلی کی پہلی کمیٹی نے پاکستان کی پیش کردہ قراردادوں کی منظوری دی

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کی 81 ویں جنرل اسمبلی کی پہلی کمیٹی نے پاکستان کی جانب سے پیش کردہ تین قراردادیں بھاری اکثریت سے منظور کر لی ہیں۔ قراردادیں جوہری ہتھیار نہ رکھنے والی ریاستوں کے لئے سلامتی کی یقین دہانیوں، علاقائی اسلحہ کنٹرول اور اعتماد سازی کے اقدامات سے متعلق پاکستان کی دیرینہ کوششوں کی عالمی برادری کی جانب سے مسلسل حمایت کا مظہر ہیں۔ سامنی رابطے کے پلیٹ فارم انیکس پر ترجمان دفتر خارجہ کی پوسٹ کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 17)

وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے جاز کیش پاکستان کے وفد کی ملاقات

وزیر اعلیٰ سندھ کا یونیفائی بلڈ کی ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو وسعت دینے پر زور

عوام کو سرکاری خدمات کی ادائیگی میں سہولت فراہم کرنا اولین ترجیح ہے، وزیر اعلیٰ سندھ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے عوام کو یونیفائی بلڈ کی ڈیجیٹل ادائیگی کی سہولت فراہم کرنے کے لیے صوبے کے ڈیجیٹل ادائیگیوں کے نظام کو وسعت دینے کے امکانات تلاش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے یہ بات جاز کیش پاکستان کے وفد سے ملاقات کے دوران کہی۔ اجلاس میں سرکاری محصولات کی وصولی کے عمل کو مزید شفاف بنانے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 18)



سموگ کے خاتمے کیلئے ٹرانسپورٹرز کا آگاہی سیمینار

دھواں چھوڑنے والی گاڑیوں سے گریز، بروقت ٹیوننگ اور انجن کی دیکھ بھال یقینی بنانے پر زور

سیمینار سے ڈی ایس پی ٹریفک عمران کیہو، چیئرمین چوہدری اسلم شیر، صدر رانا کاشف، جنرل سیکرٹری محمد حنیف الطاف، محمد خان اور محمد سلیم نے خطاب کیا

صاف ہوا صحت مند زندگی کی ضمانت ہے اور اس قومی مقصد کے حصول کے لیے ٹرانسپورٹ کے شعبے کا تعاون انتہائی اہمیت رکھتا ہے

فیصل آباد (پ ر) آل فیصل آباد موٹر آلودگی کے خاتمے کے حوالے سے ایک اہم آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، جس میں محکمہ ٹریفک پولیس کے افسران، ٹرانسپورٹرز، گاڑیوں کے مالکان، ڈرائیورز اور ایسوسی ایشن کے عہدیداران نے بھرپور شرکت کی۔ سیمینار سے ڈی ایس پی ٹریفک عمران کیہو، چیئرمین چوہدری اسلم شیر، صدر رانا کاشف، جنرل سیکرٹری محمد حنیف الطاف، محمد خان اور محمد سلیم نے خطاب کیا

فیصل آباد آل فیصل آباد موٹر ایسوسی ایشن کے زیر اہتمام سموگ کے خاتمے کیلئے ٹرانسپورٹرز کا آگاہی سیمینار منعقد ہوا جس سے ڈی ایس پی ٹریفک عمران کیہو، چیئرمین چوہدری اسلم شیر، صدر رانا کاشف، جنرل سیکرٹری محمد حنیف الطاف، محمد خان اور محمد سلیم خطاب کر رہے ہیں

گورنر پنجاب کی سکولوں میں نئی پوسٹیں تخلیق کرنے کی منظوری

ہیڈ ماسٹرز اور ہیڈ مسٹریس کی 1629 نئی پوسٹیں تخلیق کرنے کی منظوری دی گئی

لاہور (این این آئی) سرکاری سکولوں میں ہیڈ ماسٹرز، ہیڈ مسٹریس اور سینئر ہیڈ ٹیچرز کی بھرتیوں کی راہ ہموار ہو گئی، پنجاب کے سرکاری سکولوں میں نئی پوسٹیں تخلیق کرنے کی منظوری دیدی گئی۔ ہیڈ ماسٹرز اور ہیڈ مسٹریس کی 1629 نئی پوسٹیں تخلیق کرنے کی منظوری دی گئی۔ فنانس ڈیپارٹمنٹ پنجاب نے 1629 کی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 14)

گھریلو ملازمہ کی مبینہ جعلی بھرتی اور بینک لون کیس، محکمہ تعلیم کا افسر معطل

سیکریٹری تعلیم سندھ کا سپرنٹنڈنٹ وایجوکیشن آفیسر عہدے کو ہیڈ کوارٹر رپورٹ کرنے کا حکم

میرپورخاص (این این آئی) محکمہ تعلیم سندھ نے گھریلو ملازمہ مبینہ خاتون کی سینہ چاک سرکاری بھرتی، جعلی ڈگری اور بینک لون حاصل کرنے کے معاملے میں کارروائی کرتے ہوئے ڈائریکٹوریٹ آف ایجوکیشن پرائمری میرپورخاص کے سپرنٹنڈنٹ وایجوکیشن آفیسر عہدے کو معطل کر دیا ہے۔ محکمہ کو معطلی کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

سنگین جرائم کی تفتیش کیلئے آر پی او بہاولپور آفس میں خصوصی مانیٹرنگ سیل قائم

سنگین جرائم کی تفتیش میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

بہاولنگر (این این آئی) ریجنل پولیس آفیسر بہاولپور غازی محمد صلاح الدین نے سنگین جرائم کے مقدمات کی تفتیش کا معیار بہتر بنانے، تفتیشی عمل کی موثر نگرانی اور خامیوں کی بروقت نشاندہی کے لیے آر پی او آفس میں خصوصی مانیٹرنگ سیل قائم کر دیا ہے، جس کی براہ راست نگرانی وہ خود کریں گے۔ خصوصی سیل روزانہ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 13)

لاہور ہائیکورٹ کا اشتہاری ملزم کی مبینہ غیر قانونی حراست پر اظہار ناراضگی

مبینہ متوفی کی عدم بازیابی پر آر پی او گوجرانوالہ کو رپورٹ سمیت ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے اشتہاری ملزم کی مبینہ غیر قانونی حراست پر اظہار ناراضگی کرتے ہوئے مبینہ متوفی کی عدم بازیابی پر آر پی او گوجرانوالہ کو رپورٹ سمیت آج بروز جمعرات کو ذاتی حیثیت میں پیش ہونے کا حکم دے دیا۔ جسٹس جواد ظفر نے نصرت پروین کی درخواست پر حکم جاری کیا۔ درخواست (باقی صفحہ اندرونی نمبر 12)

سمن نہ ملنے پر 300 اشتہاری ملزمان نے سیشن کورٹ رجوع کر لیا

غیر حاضری کی بنیاد پر انہیں اشتہاری قرار دے کر مقدمات کے چالان داخل دفتر کر دیئے گئے۔

لاہور (این این آئی) سمن کی عدم وصولی پر 300 اشتہاری ملزمان سیشن کورٹ پہنچ گئے، ایک ماہ میں بڑا عدالتی ریلیف مل گیا۔ سمن موصول نہ ہونے کے باعث اشتہاری قرار دیئے گئے 300 ملزمان نے سیشن کورٹ سے رجوع کر لیا، ایڈیشنل سیشن جج نے ملزمان کے اشتہاری قرار دینے کے احکامات (باقی صفحہ اندرونی نمبر 11)

کوریا کی جانب سے این ٹی یو کو واٹر پیور یفکیشن پلانٹ عطیہ

منصوبے سے یونیورسٹی کی تقریباً 3200 طالبات کو صاف اور محفوظ پینے کا پانی میسر ہوگا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) کوریا انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (KOICA) کے اشتراک سے نیشنل ٹیکنالوجی یونیورسٹی (NTU) اسلام آباد کو ریورس اوسموسز (RO) واٹر پیوریفکیشن پلانٹ عطیہ کیا ہے۔ KOICA پاکستان آفس اور KOICA ایلومنائی ایسوسی ایشن پاکستان (KAAP) کے اشتراک سے یہ پلانٹ منگل 4 نومبر 2026 کو ورنگ سکول برائے فیصلہ سازی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 10)



پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ کمی کے مدنظر زیرو ریٹ، اسکم فارورڈ معمولی کمی اور اعلانات کے بجائے عملی اقدامات کیے جائیں

پیٹرولیم لیوی ختم کر کے عوام کو حقیقی ریلیف دیا جائے، محب قومی سماجی کونسل

کراچی (این این آئی) پاکستان محب قومی سماجی کونسل (ایم کیو ایس ایس) کے چیئرمین اور سماجی رہنما محمد اسلم خان فاروقی نے حکومت کی جانب سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں حالیہ کمی کے اعلان پر ردعمل دیتے ہوئے اسے اونٹ کے منہ میں زیرہ قرار دیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے مطالبہ کیا کہ پیٹرولیم مصنوعات پر عائد بھاری ٹیکسوں، بالخصوص پیٹرولیم لیوی (باقی صفحہ اندرونی نمبر 9)

شاہ محمود قریشی جیل میں چہل قدمی کے دوران گر پڑے، گھٹنے اور بازو پر چوٹیں آئیں

طبی حکام نے خون کے نمونے حاصل کر کے شوکت خانم اسپتال بھجوا دیئے ہیں، وکیل پیر شہر تھور ملک

لاہور (این این آئی) کوٹ لکھپت جیل میں قید پاکستان تحریک انصاف کے سینئر رہنما شاہ محمود قریشی کی طبیعت ناساز ہوگئی۔ بتایا گیا ہے کہ وہ اڈیالہ پیرک میں چہل قدمی کے دوران اچانک پھسل کر نیچے گر پڑے، جس کے نتیجے میں ان کے جسم پر چوٹیں آئیں۔ شاہ محمود قریشی کے وکیل پیر شہر تھور ملک نے مطلع کرنے کے باعث شاہ محمود قریشی کے گھٹنے اور بازو پر چوٹیں آئی ہیں۔ جیل حکام نے ان کے (باقی صفحہ اندرونی نمبر 8)

پنجاب میں ایک ماہ کے دوران 6 لاکھ 36 ہزار سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری

صوبہ بھر میں بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانے والوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ صوبہ بھر میں بیک وقت کارگاڑی چلانے کے عمل کو فروغ دے رہے ہیں

بغیر لائسنس گاڑی چلانے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، سیکھ کر ڈرائیونگ کرنے سے جملک حادثات میں 35 فیصد کی آئی، وقاص نذیر

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک جناب وقاص نذیر کے احکامات پر صوبہ بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء جاری ہے، جناب میں گزشتہ ماہ 6 لاکھ 36 ہزار سے گزشتہ ماہ میں 2 لاکھ 51 ہزار سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں 1 لاکھ 39 ہزار سے زائد شہریوں نے ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ 70 ہزار سے زائد شہریوں نے ریکارڈ ڈرائیونگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

الف نائن پارک میں این سی سی آئی اے کی بھرتیوں کے فزیکل ٹیسٹ کے انتظامات کا جائزہ

اسلام آباد (این این آئی) ایڈیشنل ڈائریکٹر اسلام آباد وراولپنڈی شعیب خان، ایس پی ہائی اسلام آباد پولیس خرم اشرف اور ایڈیشنل (باقی صفحہ اندرونی نمبر 7)

خواجہ سلمان رفیق سے مفتی عبدالرحیم کی ملاقات

جامعۃ الرشید جیسے دینی ادارے معاشرے کی اصلاح کیلئے بنیادی کردار ادا کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ کے ویژن کے تحت اتحاد بین المسلمین و اتحاد بین المذاہب کو فروغ دیا جا رہا ہے، صوبائی وزیر صحت

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صحت نے ملاقات کی۔ اس موقع پر چیئرمین متحدہ علمائے اسلام مفتی ڈاکٹر عثمان یوسف مگسی، ممبر بورڈ آف گورنرز الغزالی یونیورسٹی، ہاشم مجمع العلوم الاسلامیہ، مولانا سلمان رفیق سے چانسلر العلوم الاسلامیہ، مولانا سراج الحق جامعۃ الرشید مفتی عبدالرحیم سربراہ اعلیٰ جامعۃ الرشید مفتی عبدالرحیم (باقی صفحہ اندرونی نمبر 2)

گرین الیکٹرک بسوں کا سٹینڈرڈ بنانے کی تجویز، تلہ گنگ کے ٹرانسپورٹرز اور تاجروں کا احتجاج

تلہ گنگ (این این آئی) تحصیل میونسپل جنرل بس اسٹینڈ پر کھڑی گرین الیکٹرک بسوں کا اسٹینڈ بنانے کے فیصلے کے خلاف ٹرانسپورٹرز، دکانداروں، مسافروں اور مزدوروں نے اپنے بچوں کے ہمراہ شدید احتجاج اور تنقید کا اظہار کیا ہے۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان پوسٹ آفس میں مبینہ غیر قانونی بھرتیاں، نیب نے اسعد محمود کو 10 نومبر کو طلب کر لیا

لوٹس میں جعلی اور بوگس دستاویزات، زائد العمر امیدواروں کی بھرتیوں اور ڈومیسائل کوٹے کی خلاف ورزیوں کے الزامات بھی شامل

اسعد محمود کے دور وزارت (2022ء تا 2028ء) کے دوران پاکستان پوسٹ آفس میں ہونے والی مبینہ بے ضابطگیوں کی تحقیقات جاری

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کے صاحبزادے اور سابق وفاقی وزیر مواصلات اسعد محمود کو مبینہ غیر قانونی بھرتیوں کے معاملے پر قومی احتساب بیورو (نیب) نے طلب کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق نیب راولپنڈی نے اسعد محمود کو 10 نومبر کو پاکستان پوسٹ آفس میں ہونے والی مبینہ بے ضابطگیوں (باقی صفحہ اندرونی نمبر 3)



لاہور: نشتر پارک سپورٹس کمپلیکس کے جمنازیم ہال میں انٹر سکولز انٹرا کلیمٹ گیمز تائیکوانڈو ایونٹ میں کھلاڑی پریکٹس کر رہے ہیں

لیسکو میں اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کی خریداری میں مبینہ بے ضابطگیوں کا انکشاف

آڈٹ رپورٹ میں میٹرز کی مجموعی خریداری کے باعث کمپنی پر 52 کروڑ 45 لاکھ روپے کے اضافی مالی بوجھ کی نشاندہی

نیٹر کے عمل کی شفاف تحقیقات کی سفارش اخریداری کا عمل پبپرا قوانین کے مطابق مکمل کیا گیا، لیسکو کا آڈٹ کمیٹی کو جواب میں موقف

لاہور (این این آئی) لاہور الیکٹرک سپلائی کمپنی (لیسکو) میں اے ایم آئی سمارٹ میٹرز کی خریداری کے عمل میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں کا انکشاف ہوا ہے، آڈٹ رپورٹ میں میٹرز کی مجموعی خریداری کے باعث کمپنی پر 52 کروڑ 45 لاکھ روپے کے اضافی مالی بوجھ کی نشاندہی کی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق لیسکو نے ابتدائی طور پر 19 ہزار 700 روپے فی میٹر کی قیمت پر خریداری کے لیے جاری نیٹر منصوخ کر دیا (باقی صفحہ اندرونی نمبر 4)

ڈپٹی کمشنر اوکاڑہ کی اون دی اسپاٹ پالیسی، شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے متعلقہ محکموں کو ہدایات

اوکاڑہ (این این آئی) ڈپٹی کمشنر محمد اکرام ملک نے اوپن ڈور پالیسی کے تحت اپنے دفتر میں شہریوں کے مسائل اور شکایات سنیں اور ان کے فوری حل کی یقین دہانی کرواتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ضروری احکامات جاری (باقی صفحہ اندرونی نمبر 5)



لاہور: بیگم بانی ہاکی سٹیڈیم میں ایم پنجاب یوتھ سمر کیمپ کے تحت سمر ہاکی کیمپ میں کھلاڑی ہاکی ڈرلز کر رہے ہیں

پنجاب میں ایک ماہ کے دوران 6 لاکھ 36 ہزار سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری

صوبہ بھر میں بغیر ڈرائیونگ لائسنس گاڑی چلانے والوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے۔ صوبہ بھر میں بیک وقت کارگاڑی چلانے کے عمل کو فروغ دے رہے ہیں

بغیر لائسنس گاڑی چلانے والوں کیخلاف کریک ڈاؤن جاری، سیکھ کر ڈرائیونگ کرنے سے جملک حادثات میں 35 فیصد کی آئی، وقاص نذیر

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی ٹریفک جناب وقاص نذیر کے احکامات پر صوبہ بھر میں ڈرائیونگ لائسنس کا اجراء جاری ہے، جناب میں گزشتہ ماہ 6 لاکھ 36 ہزار سے گزشتہ ماہ میں 2 لاکھ 51 ہزار سے زائد ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ ترجمان ٹریفک پولیس کے مطابق صوبائی دارالحکومت میں 1 لاکھ 39 ہزار سے زائد شہریوں نے ڈرائیونگ لائسنس جاری کیے گئے۔ 70 ہزار سے زائد شہریوں نے ریکارڈ ڈرائیونگ (باقی صفحہ اندرونی نمبر 6)

چوہدری سالک کا لیگل نوٹس کا بھرپور جواب دینے کا اعلان

میں اپنے بیان پر قائم ہوں، جب نوٹس ملے گا تو جواب دوں گا اور بھرپور جواب دوں گا، وفاقی وزیر کا مختصر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر چوہدری سالک حسین نے لیگل نوٹس کی تصدیق کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے بیان پر قائم ہوں، جب نوٹس ملے گا تو جواب دوں گا اور بھرپور جواب دوں گا۔

سالک حسین نے کہا کہ مجھے ابھی لیگل نوٹس نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ میں اپنے بیان پر قائم ہوں، جب نوٹس ملے گا تو جواب دوں گا اور بھرپور جواب دوں گا۔

CamScanner

Daily PUBLIC Faisalabad

روزنامہ پبلک فیصل آباد

ایڈیٹر انچیف: وسیم احمد

چیف ایڈیٹر و پبلشر وسیم احمد نے الرفیق افضالی پرنٹنگ پریس پاک گول امین پور بازار سے چھپوا کر بلاٹ نمبر P-289 بلاک A ستارہ کالونی کالج روڈ دشمن آباد فیصل آباد سے شائع کیا

بلوچستان کی ترقی ملک کی ترقی ہے

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ بلوچستان کی ترقی ملک کی ترقی ہے، ملک دشمن عناصر بلوچستان میں عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں، ملک کی تعمیر و ترقی میں نوجوان نسل کا کردار بہت اہم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس لاہور میں بلوچستان سے آئے ہوئے طلبا و طالبات کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ ملک دشمن عناصر بلوچستان میں بدامنی اور عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں۔ مگر شر پسند عناصر اپنے مزموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی بہادر افواج اور سیکیورٹی فورسز کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے تمام صوبے ایک اکائی کی مانند ہیں۔ بلوچستان کی ترقی پورے ملک کی ترقی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کے جال بچھا رہی ہے۔ گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ نوجوان ہمارے ملک کا سرمایہ اور مستقبل کے لیڈرز ہیں۔ بلوچستان کے طلبا بہت با صلاحیت ہیں۔ گورنر پنجاب نے طلبا کو ہدایت کی کہ وہ معاشرے میں مثبت کردار ادا کریں اور ملک کی تعمیر و ترقی میں بھرپور طریقے سے اپنا حصہ ڈالیں۔ گورنر پنجاب نے کہا کہ اپنی سن کالج میں بلوچستان کے طلبا کا سکالرشپ کوٹہ بڑھایا ہے اور اس میں ہر سال مزید اضافہ کیا جائے گا تاکہ مزید طلباء یہاں آ کر اعلیٰ تعلیم حاصل کر سکیں۔ اُنہوں نے کہا کہ پنجاب کی جامعات میں بھی بلوچستان کے طلباء کو سکالرشپس دیئے جا رہے ہیں۔ گورنر پنجاب نے طلبہ کی گزارشات کو پنجاب حکومت کو بھیجنے کی یقین دہانی بھی کرائی۔

ملکی معیشت اور عالمی بحرانوں کے مضمرات

عالمی معیشت کا بدلتا ہوا منظر نامہ اور مختلف خطوں میں جاری سیاسی و عسکری کشیدگی نے دنیا کے بیشتر ممالک کو معاشی غیر یقینی صورتحال سے دوچار کر رکھا ہے۔ توانائی کی منڈیوں میں اتار چڑھاؤ، خام تیل کی قیمتوں میں اضافہ، اشیائے خورد و نوش کی عالمی رسد میں رکاوٹیں اور پیدا ہوتی ہوئی مہنگائی ایسے عوامل ہیں جن کے اثرات کسی ایک ملک یا خطے تک محدود نہیں رہتے بلکہ پوری دنیا کی معیشت کو متاثر کرتے ہیں۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک کے لیے یہ صورتحال زیادہ اہمیت رکھتی ہے کیونکہ ہماری معیشت پہلے ہی کئی داخلی اور بیرونی چیلنجز کا سامنا کر رہی ہے۔ درآمدی ایندھن پر انحصار، محدود مالی وسائل، تجارتی خسارہ، زرمبادلہ کے ذخائر پر دباؤ اور مہنگائی کے اثرات نے معاشی پالیسی سازی کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ ایسے حالات میں وزارت خزانہ کی ماہانہ معاشی آؤٹ لک میں عالمی تازہ رجحانوں، جنگ بندی کی کوششوں اور مختلف ممالک کی معاشی سرگرمیوں کے نتیجے میں بعض اوقات امید پیدا ہوتی ہے کہ حالات معمول پر آجائیں گے۔ جب متحارب فریقوں کے درمیان مذاکرات یا جانی پیچھے رفت کا امکان سامنے آتا ہے تو عالمی منڈیوں میں توانائی کی قیمتوں پر دباؤ کم ہونے لگتا ہے اور سرمایہ کاروں کا اعتماد کسی حد تک بحال ہوتا ہے، لیکن کشیدگی میں معمولی سی کمی بیشی بھی منڈیوں کے مزاج کو تبدیل کر دیتی ہے۔ اسی طرح بحری راستوں کی بندش یا تجارتی راہداریوں میں رکاوٹ کا خدشہ بھی عالمی منڈیوں میں فوری ردعمل پیدا کرتا ہے۔ ایسی صورتحال میں ترقی پذیر ممالک کے لیے سب سے بڑا چیلنج یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنی معیشت کو بیرونی جھٹکوں سے کیسے محفوظ رکھیں۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ برآمدات کو متنوع بنایا جائے، توانائی کے متبادل ذرائع پر توجہ دی جائے اور زرمبادلہ کے ذخائر کو اس طرح منظم کیا جائے کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال میں قابلِ استعمال ہوں۔ اسی طرح برآمدی شعبے کو ٹیکس اور توانائی کے شعبے میں ریلیف دینا بھی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اگر ہم عالمی معیشت کے اتار چڑھاؤ کو مکمل طور پر روک نہیں سکتے تو کم از کم اپنی پالیسیوں کو اس طرح ترتیب دے سکتے ہیں کہ ان کے منفی اثرات کو کم کیا جا سکے۔ یہی وہ راستہ ہے جو ایک ذمہ دار اور مستقبل بین معیشت کو اختیار کرنا چاہیے۔

تجزیہ: بی این پی

مقامی کپڑا سازی صنعت کی سرپرستی وقت کی اہم ضرورت

پاکستان کی مقامی ٹیکسٹائل اور کپڑا سازی کی صنعت عالمی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ یہ شعبہ نہ صرف ملک کے لاکھوں افراد کے روزگار، صنعتی ترقی اور معاشی استحکام میں بھی بنیادی کردار ادا کرتا ہے۔ ایسے میں مقامی ٹیکسٹائل صنعت کا تحفظ، فروغ اور سرپرستی محض ایک صنعتی ضرورت نہیں بلکہ قومی اقتصادی حکمت عملی کا لازمی حصہ ہونا چاہیے۔ جینی کپڑے کے بڑے پیمانے پر درآمد پر کوئی پابندی عائد کی جائے، یقین کے ساتھ فرق ریٹ معاہدہ پر نظر ثانی کی جائے اور پاکستانی مقامی کپڑے کی صنعت کو فروغ دینے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔ پاکستان کا پاور لوم، کھڈی لوم اور مقامی کپڑا تیار کرنے والے صنعت کار شدید مشکلات کا شکار ہیں۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ سستے اور ناقص معیار کے کپڑے کی بڑے پیمانے پر درآمد ہے، جس سے مقامی صنعت کی پیداوار اور سرگرمیاں متاثر ہو رہی ہیں اور ہزاروں محنت کشوں کے روزگار کو خطرات لاحق ہیں۔

پاکستان کی بھوسی برآمد میں ٹیکسٹائل سیکٹر کا حصہ 60 فیصد سے زائد بتایا جاتا ہے، جبکہ یہ مجموعی قومی پیداوار (جی ڈی پی) میں تقریباً 8.5 فیصد حصہ ڈالتا ہے۔ ٹیکسٹائل برآمدات 18 ارب ڈالر سے تجاوز کر چکی ہیں، جو اس شعبے کی عالمی معیشت میں اہمیت کو واضح کرتی ہیں۔ فیصل آباد جیسے صنعتی مراکز میں لاکھوں افراد براہِ راست اور بالواسطہ طور پر اسی صنعت سے وابستہ ہیں۔ یہ پیش گوئی عالمی معیشت کے لیے ایک اہم انتباہ ہے، کیونکہ توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات صرف عوام تک محدود نہیں رہتے بلکہ صنعتی پیداوار اور ملکی معیشت کے دیگر شعبوں تک بھی پھیلتے ہیں۔ اس لیے توانائی کی عالمی منڈی میں پیدا ہونے والی چھوٹی سی بے یقینی بھی ایک بڑے بحران کی شکل اختیار کر سکتی ہے۔ اس رپورٹ کے مطابق مشرقِ وسطیٰ میں جاری تنازع کے باعث توانائی کی قیمتیں گزشتہ چار سال کی بلند ترین سطح تک پہنچ سکتی ہیں۔ یہ پیش گوئی عالمی معیشت کے لیے ایک اہم انتباہ ہے، کیونکہ توانائی کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات صرف تیل پیدا کرنے اور برآمد کرنے والے ممالک تک محدود نہیں رہتے بلکہ صنعتی پیداوار، نقل و حمل، زراعت، تجارت اور روزمرہ زندگی کے تقریباً تمام شعبوں کو متاثر کرتے ہیں۔ پاکستان جیسے ملک کے لیے یہ خدشات زیادہ سنجیدہ ہیں جہاں توانائی کی لاگت پہلے ہی کاروباری سرگرمیوں اور صنعتی ترقی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ سمجھی جاتی ہے۔ توانائی کے متبادل ذرائع کی دستیابی، غیر مستقل سپلائی چین اور عالمی منڈی میں توانائی کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کے بعد اس تجویز پر دوبارہ توجہ دی جا رہی ہے کہ پاکستان کو اپنی توانائی کی ضروریات کا ایک بڑا حصہ شمسی توانائی سے پورا کرنا چاہیے۔ اس تجویز کے حامیوں کا کہنا ہے کہ اگر ملک کے صنعتی، تجارتی اور زرعی شعبوں کو بڑے پیمانے پر شمسی توانائی پر منتقل کر دیا جائے تو درآمدی ایندھن پر انحصار کم ہو سکتا ہے، زرمبادلہ کی بچت ہو سکتی ہے اور توانائی کی لاگت میں بھی کمی آ سکتی ہے۔ اس سلسلے میں ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر ملک کے صنعتی، تجارتی اور زرعی شعبوں کو بڑے پیمانے پر شمسی توانائی پر منتقل کر دیا جائے تو درآمدی ایندھن پر انحصار کم ہو سکتا ہے، زرمبادلہ کی بچت ہو سکتی ہے اور توانائی کی لاگت میں بھی کمی آ سکتی ہے۔ اس سلسلے میں ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر ملک کے صنعتی، تجارتی اور زرعی شعبوں کو بڑے پیمانے پر شمسی توانائی پر منتقل کر دیا جائے تو درآمدی ایندھن پر انحصار کم ہو سکتا ہے، زرمبادلہ کی بچت ہو سکتی ہے اور توانائی کی لاگت میں بھی کمی آ سکتی ہے۔

تجزیہ: بی این پی

پاک ترکیہ دوستی اور مکہ دفاعی معاہدہ: مشترکہ سلامتی، تاریخی اعتماد اور علاقائی امن کا نیا باب

پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات محض دو ریاستوں کے درمیان سفارتی روابط، تجارتی مفادات یا دفاعی تعاون کا نام نہیں، بلکہ یہ ایک ایسی تاریخی، تہذیبی اور جذباتی وابستگی کی نمائندگی کرتے ہیں جس کی جڑیں برصغیر کی تحریکِ خلافت، ترکوں کی جدوجہدِ آزادی اور مشترکہ اسلامی تاریخ میں پیوست ہیں۔ وقت کے ساتھ عالمی سیاست کے تقاضے تبدیل ہوئے، خطے میں طاقت کے توازن نے نئی صورتیں اختیار کیں اور سلامتی کے چیلنجز پیچیدہ ہوتے گئے، لیکن پاکستان اور ترکیہ کے درمیان باہمی اعتماد کی یہ روایت مختلف ادوار میں برقرار رہی۔ اب پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے مابین مکہ مکرمہ میں طے پانے والا مشترکہ دفاعی معاہدہ اس دیرینہ اعتماد کو ایک نئے تزویراتی تناظر میں دیکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ جمہوریہ ترکیہ نے 29 اکتوبر کو اپنے قیام کی 103ویں سالگرہ منائی۔ اس مناسبت سے اسلام آباد میں منعقدہ تقریب میں وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف نے ترک صدر رجب طیب اردوان، ترک حکومت اور عوام کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے دونوں ممالک کے تاریخی تعلقات کی اہمیت اجاگر کی۔ وزیرِ اعظم نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کی دوستی محض موجودہ سیاسی حالات کی پیداوار نہیں، بلکہ اس کی بنیادیں پاکستان کے قیام سے بھی پہلے کی تاریخ میں ملتی ہیں۔ اس تناظر میں کہ دفاعی معاہدہ کی تاریخ میں صرف اس کے عسکری پہلوؤں تک محدود نہیں رہتی۔ یہ معاہدہ ایک طرف تین اہم مسلم ممالک کے درمیان سلامتی کے تعاون کو مضبوط بنانے کی کوشش ہے تو دوسری طرف اس امر کی علامت بھی ہے کہ بدلتے ہوئے عالمی حالات میں مشترکہ مفادات، باہمی اعتماد اور قریبی ہم آہنگی کی ضرورت پہلے سے زیادہ بڑھ گئی ہے۔ تاہم اس پیش رفت کی حقیقی کامیابی کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ تینوں ممالک اسے کس حد تک عملی تعاون، واضح حکمتِ عملی اور علاقائی امن کے مقاصد سے ہم آہنگ کرتے ہیں۔

مکہ مکرمہ میں 7 اگست کو پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان مشترکہ سلامتی کے معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ اس موقع پر پاکستان کی نمائندگی وزیرِ اعظم محمد شہباز شریف، ترکیہ کی نمائندگی صدر رجب طیب اردوان اور سعودی عرب کی نمائندگی ولی عہد و وزیرِ اعظم شہزادہ محمد بن سلمان نے کی۔ معاہدے کے تحت کسی ایک فریق کے خلاف جنگ کو تینوں ممالک کی سلامتی کے لیے خطرہ تصور کرنے کا اصول سامنے آیا۔ مشترکہ اعلامیہ میں اس اقدام کو باہمی سلامتی کے عزم اور خطے سمیت عالمی سطح پر امن، استحکام اور خوشحالی کے فروغ سے تعبیر کیا گیا۔

معاہدے کے لیے کیے گئے کہ مکہ کا انتخاب بھی اپنی علامتی اہمیت رکھتا ہے۔ حرمین شریفین کی سرزمین پوری مسلم دنیا کے لیے روحانی مرکز کی حیثیت رکھتی ہے۔ ایسے مقام پر تین ممالک کا سلامتی کے مشترکہ عزم کا اظہار ان کے اندرونی اور خارجی حلقوں کو یہ پیغام دیتا ہے کہ تینوں ممالک اپنے تعلقات کو محض وقتی مفاد نہیں بلکہ طویل المدتی تعاون کا حصہ سمجھتے ہیں۔ تاہم یہ سمجھنا ضروری ہے کہ مختلف نوعیت کی طاقتوں کا اتحاد خود بخود ایک مؤثر دفاعی نظام تشکیل نہیں دیتا۔ اس کے لیے مشترکہ تربیت، مشترکہ مشقوں، انٹیلی جنس تعاون، دفاعی صنعت کے شعبے میں تعاون اور ممکنہ طور پر مشترکہ فیصلہ سازی کے طریقۂ کار جیسے عملی اقدامات درکار ہوں گے۔ اگر یہ معاہدہ صرف اعلامیے تک محدود رہا تو اس کی اسٹریٹجک اہمیت کم ہو جائے گی، لیکن اگر اسے باقاعدہ مشقوں، مشترکہ تربیت اور سیاسی و عسکری رابطوں کے ایک مستقل نظام میں تبدیل کیا گیا تو یہ خطے میں طاقت کے توازن پر گہرا اثر ڈال سکتا ہے۔

پاکستان کے لیے یہ معاہدہ اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ اس کی مغربی سرحد پر دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان نے غیر معمولی قربانیاں دی ہیں۔ ایسے میں ایک ایسے ملک کے ساتھ شراکت داری جو دہشت گردی کے خلاف عالمی سطح پر مضبوط مؤقف رکھتا ہے، پاکستان کے لیے سفارتی اور سلامتی دونوں سطحوں پر فائدہ مند ہو سکتی ہے۔ ترکیہ کے لیے یہ معاہدہ اس کی اس حکمتِ عملی کا تسلسل ہے جس کے تحت وہ مشرقِ وسطیٰ میں اپنے روایتی کردار کو ازسرِ نو متعین کر رہا ہے۔ سعودی عرب کے لیے یہ معاہدہ اس کی خارجہ پالیسی کے وسیع تر تنوع کا حصہ ہے، جس میں وہ مختلف شراکت داریوں کے ذریعے اپنی سلامتی کو مستحکم کرنا چاہتا ہے۔ اس طرح یہ معاہدہ تینوں ممالک کے لیے مختلف مگر ہم آہنگ مفادات کا حامل ہے۔

تاہم یہ معاہدہ جہاں امکانات پیدا کرتا ہے وہیں کئی سوالات بھی جنم لیتا ہے۔ سب سے اہم سوال یہ ہے کہ کیا یہ معاہدہ خطے میں کشیدگی کم کرنے کا ذریعہ بنے گا یا نئی صف بندیوں کو جنم دے گا؟ اگر اس معاہدے کو مکالمے، سفارت کاری اور کشیدگی کم کرنے کے وسیع تر عمل سے جوڑا جائے تو یہ خطے میں توازن کا عنصر بن سکتا ہے، لیکن اگر اسے صرف ایک دفاعی اتحاد کے طور پر دیکھا گیا تو اس کے منفی اثرات بھی سامنے آ سکتے ہیں۔ اسی لیے اس کی کامیابی کا انحصار اس کے اعلانات سے زیادہ اس کے عملی نفاذ پر ہوگا۔ اس معاہدے کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ یہ ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب عالمی نظام تیزی سے تبدیل ہو رہا ہے۔ روایتی اتحاد اپنی افادیت کھو رہے ہیں اور نئے علاقائی و موضوعاتی اتحاد جنم لے رہے ہیں۔ ایسے میں پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کا یہ معاہدہ اس بدلتی ہوئی دنیا میں ایک نئی حکمتِ عملی کی عکاسی کرتا ہے۔ اس کی کامیابی کا دارومدار اس پر ہے کہ تینوں ممالک اسے کتنا سنجیدہ لیتے ہیں اور اسے کس حد تک عملی شکل دیتے ہیں۔ اگر یہ معاہدہ محض علامتی رہا تو اس کی اہمیت محدود رہے گی، لیکن اگر اسے ایک مستقل اور مؤثر فریم ورک میں ڈھالا گیا تو یہ خطے کی سلامتی کی ساخت کو بدل سکتا ہے۔ فی الحال یہ معاہدہ ایک امید، ایک موقع اور ایک ذمہ داری تینوں کی ہے۔ اب یہ ان پر منحصر ہے کہ وہ اس موقع کو کس حد تک سنجیدگی سے استعمال کرتے ہیں۔



فیصل آباد سابق چیئرمین پی ایچ اے سید ریاض حسین شاہ، ڈی جی پی ایچ اے سید ریاض حسین شاہ، ڈائریکٹر ایڈمن پی ایچ اے ڈاکٹر محمد عارف صدیقی خطاب کر رہے ہیں اس موقع پر چوہدری ارسلان بلاگر، سید ریاض حسین شاہ، حافظ شاہد، ڈاکٹر نادر فرید، چوہدری وحید، چوہدری عاطف، محمد زاہد، شہزاد اقبال، چوہدری شہزاد اقبال، میاں مظہر، میاں ریاض حسین، میاں الطاف الرحمٰن، چوہدری شہزاد اقبال، چوہدری محمد ریاض، ڈاکٹر محمد یاسر، چوہدری محمد یونس، ڈاکٹر محمد شاہد شریف



فیصل آباد: ڈی جی پی ایچ اے ڈاکٹر محمد نعیم فرخ سندھو کو چیف آپریٹنگ آفیسر میاں ریاض حسین، ڈائریکٹر ایڈمن ڈاکٹر محمد عارف صدیقی، ڈائریکٹر فنانس ڈاکٹر محمد یاسر اور دیگر افسران گلدستے پیش کر رہے ہیں

پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی تعداد تاریخ کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

اکتوبر میں 25 ہزار 747 نئے سرمایہ کار شامل ہوئے، نئے سرمایہ کاروں میں 85 فیصد نوجوان ہیں، سٹے شن کر رہے ہیں

کراچی (این این آئی) پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں سرمایہ کاروں کی تعداد میں تاریخی اضافہ ریکارڈ کیا گیا ہے، جس کے بعد حصص بازار سے منسلک سرمایہ کاروں کی مجموعی تعداد 6 لاکھ 81 ہزار 965 تک پہنچ گئی ہے۔ اس اضافے کے ساتھ ہی پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ سرمایہ کاروں کی تعداد پہلی بار 6 لاکھ 80 ہزار کی حد عبور کر گئی ہے۔ اکتوبر 2026ء کے دوران اسٹاک ایکسچینج میں رجسٹرڈ 747 نئے سرمایہ کار شامل ہوئے، جن میں 25 ہزار 747 نئے سرمایہ کاروں کا تعلق صرف اکتوبر سے ہے۔ یہ اضافہ اس لحاظ سے بھی غیر معمولی ہے کہ یہ تعداد ایک ہی ماہ میں سامنے آئی، جبکہ گزشتہ مالی سال کے پورے 12 مہینوں میں مجموعی طور پر 747 نئے سرمایہ کار رجسٹرڈ ہوئے تھے۔ اکتوبر کے اعداد و شمار سرمایہ کاری کے بڑھتے ہوئے رجحان کی واضح عکاسی کرتے ہیں۔ نئے سرمایہ کاروں میں نوجوان نسل کی شمولیت سب سے نمایاں ہے۔ رجسٹرڈ ہونے والے نئے سرمایہ کاروں میں 85 فیصد نوجوان ہیں، جو ملک کی مجموعی سرمایہ کار آبادی کی عمر کے رجحان کو تبدیل کر رہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق یہ نوجوان طبقہ طویل المدتی بنیادوں پر سرمایہ کاری میں زیادہ دلچسپی لے رہا ہے اور اسٹاک مارکیٹ کو ایک مختصر مدتی سٹے شن کے بجائے سرمایہ کاری کے ذریعے کے طور پر دیکھ رہا ہے۔ اس رجحان کو مزید تقویت ڈیجیٹل سہولیات کے فروغ سے ملی ہے۔ موبائل ایپلی کیشنز کے ذریعے اسٹاک مارکیٹ تک رسائی آسان ہونے، کم سرمایہ کاری کی حد اور آن لائن کے وائی کے سی کے عمل نے سرمایہ کاری کو پہلے کے مقابلے میں کہیں زیادہ سہل بنا دیا ہے۔ اس کے نتیجے میں ایک عام شہری بھی گھر بیٹھے اسٹاک مارکیٹ میں سرمایہ کاری کر سکتا ہے۔ اسٹاک ایکسچینج کے ترجمان کے مطابق اکتوبر میں ریکارڈ سرمایہ کاروں کی شمولیت کے ساتھ ساتھ ایکسچینج کے روزانہ اوسط کاروبار میں بھی نمایاں اضافہ دیکھا گیا ہے۔ اکتوبر میں روزانہ اوسط کاروبار 2 ارب 10 کروڑ روپے رہا، جو ستمبر کے مقابلے میں 18 فیصد زیادہ ہے۔ اسی طرح روزانہ اوسط حجم بھی بڑھ کر 3 کروڑ 40 لاکھ شیئرز تک پہنچ گیا، جو گزشتہ مہینے کے مقابلے میں 22 فیصد زیادہ ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ یہ اعداد و شمار اس بات کا ثبوت ہیں کہ سرمایہ کار اب صرف خریدنے کے بجائے فعال انداز میں مارکیٹ میں حصہ لے رہے ہیں۔ تاہم ساتھ ہی انہوں نے خبردار کیا کہ نئے سرمایہ کاروں کو مارکیٹ کے اتار چڑھاؤ، کمپنیوں کے بنیادی تجزیے اور طویل المدتی سرمایہ کاری کے اصولوں سے آگاہی حاصل کرنی چاہیے تاکہ وہ کسی بھی ممکنہ نقصان سے محفوظ رہ سکیں۔

کراچی میں گھریلو صارفین کے لیے گیس فراہمی کے اوقات تبدیل

سوئی سدرن گیس کمپنی نوٹیفکیشن جاری، صبح اور شام کے اوقات میں گیس فراہم کی جائے گی

کراچی (این این آئی) شہر میں گھریلو صارفین کے گیس کی فراہمی کے اوقات کار میں تبدیلی کر دی گئی ہے۔ سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق صارفین کو اب مقررہ اوقات میں گیس فراہم کی جائے گی۔ اعلامیے کے مطابق صبح سازھے 6 بجے سے صبح 9 بجے تک گھریلو صارفین کو گیس فراہم کی جائے گی، جبکہ دوپہر 12 بجے سے دوسائی بجے تک گیس کی فراہمی جاری رہے گی۔ اسی طرح شام 6 بجے سے رات 9 بجے تک بھی گھریلو صارفین کو گیس فراہم کی جائے گی۔

شہری کے شناختی کارڈ نمبر پر 29 مقدمات کا اندراج، بائیکاٹ میں درخواست دائر

ہم نام ملزم کے جرائم کا ریکارڈ درخواست گزار کے شناختی کارڈ سے منسلک کرنے کا الزام

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ میں ایک شہری کے شناختی کارڈ نمبر پر 29 مقدمات کا ریکارڈ منسلک کرنے کے خلاف دائر درخواست کی سماعت ہوئی۔ عدالت نے درخواست گزار کے نام پر درج مقدمات کا ریکارڈ طلب کرتے ہوئے سماعت 15 دسمبر تک ملتوی کر دی۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل بیرسٹر ضمیر الہٰدو ایڈووکیٹ نے مؤقف اختیار کیا کہ پولیس کا طویل دورانیہ کے لیے درخواست گزار کا شناختی کارڈ نمبر اس کے ہم نام ملزم کے ریکارڈ سے منسلک کر دیا۔

گلشن جمال میں پانی کی فراہمی بحال کرنے کا ہائیکورٹ کا حکم

شہری کئی گھنٹے پانی کا انتظار کرتے رہے، ہائیکورٹ نے پانی فراہم نہ ہونے پر مجبور ہیں، عدالت

کراچی (این این آئی) سندھ ہائیکورٹ نے گلشن جمال میں پانی کی عدم فراہمی کے خلاف دائر درخواست پر سماعت کرتے ہوئے کنٹونمنٹ بورڈ کو حکم دیا کہ رہائشیوں کے لیے بلاتاخیر پانی کی فراہمی بحال کرنے کا حکم دے دیا۔ سماعت کے دوران درخواست گزار کے وکیل فاروق ایڈووکیٹ نے مؤقف اختیار کیا کہ علاقے میں پانی کی عدم فراہمی کے باعث رہائشی براہ راست بڑا روں روپے خرچ کر کے ٹینکر سروس کے ذریعے پانی خریدنے پر مجبور ہیں۔ شہری یا تو قاعدگی سے بل بھی ادا کرتے ہیں۔

اولڈ کھجور میں بجلی چوری کے خلاف آپریشن، 200 سے زائد کنکشن منقطع

